## دعائے حضرت رسولؐ

سید ابن طاؤس نے مہج الدعوات میں امام محمد باقرؑ سے نقل کیا ہے کہ جبرائیلؑ نے رسول اللہؐ سے عرض کیا کہ میں کسی پیغمبر کو آپ سے بڑھ کر دوست نہیں رکھتا پس آپ بکثرت یہ پڑھا کریں:

**اَللّٰهُمَّ إِنَّکَ تَریٰ وَلا تُریٰ وَأَنْتَ بِالْمَنْظَرِ الْأَعْلیٰ وَأَنَّ إِلَیْکَ الْمُنْتَهیٰ وَالرُّجْعیٰ وَأَنَّ لَکَ**

اے معبود تو دیکھتا ہے اور تو دیکھا نہیں جاتا اور تو اعلیٰ مقام پر ہے اور بے شک انتہا اور بازگشت تیری ہی طرف ہے بے شک تیرے

**الاٰخِرَةَ وَالْأُولیٰ وَأَنَّ لَکَ الْمَماتَ وَالْمَحْیا وَرَبِّ أَعُوذُ بِکَ أَنْ أُذَلَّ أَوْ أُخْزیٰ**

ہی لیے دنیا وآخرت ہے بے شک تیرے ہاتھ میں ہی موت اور زندگی ہے اور اے پروردگار میں اپنی ذلت ورسوائی میں تیری ہی پناہ لیتا ہوں۔

urdu.duas.org